DOCUMENT RESUME

ED 479 415 PS 031 497

| | |
|---|---|
| TITLE | A Parent's Guide to Achievement Matters Most: Maryland's Plan for PreK-12 Education, 2002-2003. (Urdu) |
| INSTITUTION | Maryland State Dept. of Education, Baltimore. |
| PUB DATE | 2003-00-00 |
| NOTE | 18p.; For English version, see PS 031 489. |
| AVAILABLE FROM | Maryland State Department of Education, 200 West Baltimore Street, Baltimore, MD 21201-2595. Tel: 888-246-0016 (Toll Free); Tel: 410-767-0600; Fax: 410-333-2275; Web site: http://www.msde.state.md.us. For full text: http://www.msde.state.md.us/ translations.htm. |
| PUB TYPE | Guides - Non-Classroom (055) |
| LANGUAGE | Ukrainian |
| EDRS PRICE | EDRS Price MF01/PC01 Plus Postage. |
| DESCRIPTORS | Academic Achievement; Change Strategies; Educational Change; *Educational Improvement; *Educational Objectives; Elementary School Curriculum; *Elementary Secondary Education; *Parent Participation; Secondary School Curriculum; *State Standards; *Student Improvement; Urdu |
| IDENTIFIERS | *Maryland |

ABSTRACT

To raise the achievement of every student in the state, Maryland implemented "Achievement Matters Most," a new plan for public elementary and secondary schools that sets goals in the areas of achievement, teaching, testing, safety, and family involvement in schools. This Urdu-language guide for parents outlines the goals and characteristics of the initiative, and how progress will be assessed. The guide first highlights five simple but challenging goals for Maryland public education: (1) achievement will improve for each student; (2) curriculum, instruction, and testing will be better aligned and understandable; (3) all educators will have the skills to improve student achievement; (4) all schools will be safe, drug-free, and conducive to learning; and (5) parents and legal guardians will be involved in education. Next, the guide outlines several ways the state encourages high expectations and helps schools to improve, including a new voluntary, state curriculum; grades given to schools based on how well they teach; school improvement teams for each school; financial rewards and public recognition for schools making strong improvements; and a state family involvement policy. The state-wide curriculum is then detailed, including how it will differ from the Maryland Content Standards. Next, the state's two testing programs are highlighted, one for elementary and one for high school; sample questions from both tests are included, as is information on assessment of students with special needs and/or limited English proficiency. In the area of the state's family involvement policy, the guide outlines signs that families and educators are communicating and working together in a particular school: schools and families communicate regularly; parents play a role in helping students learn; parents are welcome in the school, and their help is appreciated; and parents are included in making decisions that affect their children. Finally, the guide offers suggestions for parents to encourage their child's achievement, such as setting high expectations, talking with the child's teacher(s) regularly, dedicating 15 minutes daily to talking with the child, helping with homework, and meeting with high school counselors to talk about post-high school opportunities. (HTH)

Reproductions supplied by EDRS are the best that can be made
from the original document.

PS PSTR 0275

2002-2003

MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION

Achievement Matters Most

# میری لینڈ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن

سے متعلق ہدایت نامہ والدین

پری کے۔ 12 کی تعلیم کے لیے میری لینڈ کا منصوبہ

BEST COPY AVAILABLE

2

U.S. DEPARTMENT OF EDUCATION
Office of Educational Research and Improvement
EDUCATIONAL RESOURCES INFORMATION CENTER (ERIC)

☒ This document has been reproduced as received from the person or organization originating it.

☐ Minor changes have been made to improve reproduction quality.

• Points of view or opinions stated in this document do not necessarily represent official OERI position or policy.

PERMISSION TO REPRODUCE AND DISSEMINATE THIS MATERIAL HAS BEEN GRANTED BY

Charlie Breithaupt

TO THE EDUCATIONAL RESOURCES INFORMATION CENTER (ERIC)

PS 031497

ED 479 415

# میری لینڈ اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن

Marilyn D. Maultsby
صدر
Reginald L. Dunn
نائب صدر
Jo Ann T. Bell
Philip S. Benzil
Dunbar Brooks
Clarence A. Hawkins
Walter S. Levin
Karabelle Pizzigati
Edward L. Root
Walter Sondheim, Jr.
John L. Wisthoff
(طالبعلم ممبر) Caroline Gifford

MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION
آفس آف اسکول اینڈ کمیونٹی آؤٹ ریچ
Ronald Peiffer، اسسٹنٹ اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ
200 West Baltimore Street • Baltimore, Maryland 21201-2595
فون 410-767-0600/888-246-0016 • فیکس 410-333-2275
www.marylandpublicschools.org

میری لینڈ اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن روزگار پر اثر انداز ہونے والے امور میں اور پروگراموں تک رسائی فراہم کرنے کے معاملے میں نسل، رنگ، جنس، قومی اصل، مذہب، یا معذوری کی بنیاد پر امتیاز نہیں برتتا۔ اسٹیٹ بورڈ کی پالیسی سے متعلق معلومات کے لیے براہ کرم رابطہ کریں

ایکیوٹی ایشورینس اور کمپلینس برانچ
Maryland State Department of Education
200 West Baltimore Street
Baltimore, MD 21201-2595
فون 410-767-0433
410-333-6442 TTY/TDD
فیکس 410-767-0431





# فہرست موضوعات


| | |
|---|---|
| میری لینڈ تعلیم عامہ میں تبدیلیاں | 2 |
| کارکردگی اہم حیثیت رکھتی ہے | 4 |
| اونچی توقعات | 6 |
| نصاب | 8 |
| پیش رفت پیمائی | 10 |
| میری لینڈ کے اسکولوں کی تعیین کاری | 10 |
| میری لینڈ کے ہائی اسکول کی تعیین کاری | 16 |
| خصوصی ضروریات رکھنے والے اور/یا انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل طلباء کی آزمائش | 21 |
| ذمہ داری | 22 |
| خاندان کی شرکت | 24 |
| کارکردگی کی حوصلہ افزائی | 26 |
| مزید معلومات کے لیے | 28 |

# میری لینڈ کی تعلیم عامہ میں تبدیلیاں

والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچوں کے لیے بہترین مستقبل چاہتے ہیں۔ اس میں درجہ اول کی ایسی تعلیم شامل ہے جو انہیں ایک کامیاب مستقبل کے لیے تیار کرے۔ ریاست میری لینڈ بھی طلباء کے بہترین مستقبل کی خواہاں ہے۔

ہر طالب علم کی کارکردگی کی سطح کو بلند کرنے کے لیے میری لینڈ نے **کارکردگی اہم حیثیت رکھتی ہے**، کی تشکیل کی ہے جو اسکولوں میں کارکردگی، تدریس، آزمائش، حفاظت اور خاندان کی شرکت کے اہداف مقرر کرنے والا ایک نیا منصوبہ ہے۔ کارکردگی اہم حیثیت رکھتی ہے کی بنیاد بہتر اسکولوں کے لیے صائب رائے کی حامل مجلس اسکول کے کام پر رکھی گئی ہے اور اس میں 2001 کے کوئی بچہ چھوٹنے نہ پائے قانون اور عوام میں بہتر صلاحیت کے حصول کا ذریعہ ایکٹ کی شرائط بھی شامل ہیں۔

**بہتر اسکولوں کے لیے صائب رائے کی حامل مجلس** ایسے والدین، اساتذہ، انتظام کاروں، کالج کے پروفیسروں، پالیسی سازوں اور قومی تعلیم کے ماہرین کا ایک گروہ تھا جس نے میری لینڈ کے اسکولوں کی اصلاح کی کوششوں پر نظر ثانی کر کے اس میں اصلاحات کی سفارش کی تھی۔ اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ آف اسکولز نینسی گراسمک نے میری لینڈ میں اسکول کی اصلاح سے متعلق نئے دہے کی منصوبہ بندی کے پینل کے ممبران کو ایک جگہ جمع کیا۔ ان کی سفارشات کارکردگی اہم حیثیت رکھتی ہے کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔




**کوئی بچہ چھوٹنے نہ پائے ایکٹ** 8، جنوری 2002 کو U.S. میں منظور کر کے قانونی حیثیت دی گئی۔ یہ قانون ریاستوں سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ معیارات کو بلند کریں اور طلباء کی پیش رفت کا اندازہ ان کے مطابق کریں۔ اسکولوں سے متعلق "رپورٹ کارڈ" شائع کریں، یہ یقینی بنائیں کہ اساتذہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور جب اسکول محفوظ نہ ہوں یا کافی حد تک تعلیم پیش رفت نہ دکھا رہے ہوں تو کارروائی کریں۔ میری لینڈ نے یہ





اقدامات کئی سال تک کیے ہیں۔ تاہم نیا قانون میری لینڈ کو قومی رہنما خطوط اور بہتری کے لیے مقررہ نظام الاوقات فراہم کرتا ہے۔

**عوام میں بہتر صلاحیت کے حصول کا ذریعہ ایکٹ** کو میری لینڈ جنرل اسمبلی نے یہاں 2002 میں منظور کیا تھا۔ یہ قانون پبلک اسکولوں کی مالی اعانت میں اضافہ کرتا ہے، خصوصی ضروریات رکھنے والے طلباء کو مزید مالی اعانت دیے جانے کی ہدایت کرتا ہے اور رقوم خرچ کرنے کے طریقوں کے بارے میں اسکولی نظام کو زیادہ لچک عطا کرتا ہے۔ ان رقوم کے تبادلے میں ہر اسکولی نظام کو اپنے تمام طلباء کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے کوئی منصوبہ تشکیل دینا چاہیے۔ اسکولی نظام کو تمام بچوں کے لیے کل وقتی کنڈرگارٹن پروگرام اور کم آمدنی والے خاندانوں کے بچوں کے لیے پری کنڈرگارٹن پروگرام قائم کرنا چاہیے۔

# کارکردگی اہم ترین حیثیت رکھتی ہے

کارکردگی اہم ترین حیثیت رکھتی ہے میری لینڈ کی تعلیم عامہ سے متعلق پانچ لاکار بھرے اہداف کا تعین کرتی ہے۔

**ہدف 1 : کی کارکردگی ہر طالب علم میں بہتری لائے گی .** کسی بھی تعلیمی منصوبے یا پالیسی کا مقصد طلباء کی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ لیکن جو بات میری لینڈ کو مختلف بناتی ہے وہ طالب علم کے لیے اس کی توجہ ہے۔ میری لینڈ مختلف نسل اور نژادیتوں، خاندانی آمدنی کی سطحوں، مقامی زبانوں یا معذوریوں کے طلباء کے درمیان کارکردگی کے تفاوت کو مٹانے سے متعلق سنجیدہ رجحان رکھتی ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلباء کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں اسکولوں سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ نسل/نژادیت، جنس، معذوری، افلاس کی سطح، تارکین وطن کی حیثیت یا انگریزی کی محدود صلاحیت سے قطع نظر تمام طلباء کے درمیان تعلیمی پیش رفت کا ثبوت دیں۔ مندرجہ ذیل تمام اہداف اس مقصد میں کامیابی میں تعاون دیتے ہیں۔

**ہدف 2 : نصاب ، تدریس، اور آزمائش بہتر طور پر متوازن اور قابل فہم بنائی جائے گی.** نصاب، تدریس اور آزمائش تعلیم کے تعمیری اجزاء ہیں۔ میری لینڈ اساتذہ کے لیے یہ بات واضح کرنے کے لیے ایک نیا نصاب مرتب کر رہی ہے کہ ہر مضمون میں ہر گریڈ پر کس طرح کا مواد پڑھایا جائے اور کس طرح کی صلاحیتیں سکھائی جائیں۔ میری لینڈ آزمائشوں میں اس کا تخمینہ لگایا جائے گا کہ طلباء نے نصاب میں شامل مواد اور صلاحیتوں کو کتنی اچھی طرح سیکھا ہے۔ آزمائش کے نتائج اساتذہ کو طلباء کی خوبیوں اور خامیوں کی نشاندہی میں مدد دیں گے اور تدریس میں بہتری لائیں گے۔ نتائج والدین کو ان کے بچوں کی تعلیمی کارکردگی کی بہتر تصویر بھی پیش کریں گے۔

**ہدف 3: تمام ماہرین تعلیم طلباء کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی صلاحیت کے حامل ہوں گے .** اگر طلباء کو اونچے معیارات کی تکمیل کرنی ہے تو انہیں ایسے باصلاحیت اساتذہ کی ضرورت ہوگی جو نصاب کو اور اس کی تدریس کے طریقوں کو پوری طرح سمجھتے ہوں۔ میری لینڈ کو درجات میں پڑھانے کے لیے بہترین اساتذہ کا تقرر کرنا چاہئے اور ان کے پاس اس پیشے کو جاری رکھنے کی وجوہ ہونی چاہئیں۔ نئے اساتذہ کو تعاون اور حمایت کی ضرورت ہوتی ہے۔ تمام اساتذہ کو جاری تربیت اور اسباق کی منصوبہ بندی کے لیے وقت درکار ہوتا ہے، اور ہر اسکول کو اعلیٰ تعلیم یافتہ پرنسپل کی قیادت کی ضرورت ہوتی ہے۔

**ہدف 4 : تمام اسکول محفوظ، نشیلی دواؤں سے پاک اور آموزش کے لیے ساز گار ہوں گے.** تمام بچوں کو ایسے اسکول میں پڑھنے کا حق حاصل ہے، جہاں وہ اپنی کارکردگی دکھا سکیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اسکولوں کو آموزش کی محفوظ اور صحت مند فضا تخلیق کرنی چاہئے۔ اسکول میں تشدد اور دہشت گردانہ واقعات کے بعد سے میری لینڈ کے اسکولوں نے حفاظت کو اولین ترجیح دی ہے۔ میری لینڈ کے تمام اسکولوں کو حفاظت کو بڑھانے اور اذیت دہی اور غنڈہ گردی کے واقعات میں کمی لانے کے لیے تشکیل دیے گئے ریاستی ضوابط کی پابندی کرنی چاہئے۔ اور اسکول کے پاس ایسے حفاظتی منصوبے اور ضابطۂ اخلاق ہیں جو مقامی اسکولی نظام کے منصوبے پر مبنی ہیں۔ اپنے بچے کے اسکول کے نظم وضبط اور حفاظت کی پالیسیوں پر گفتگو کرنے کے لیے اسکول سے رابطہ کریں۔

**ہدف 5: والدین اور قانونی سرپرستان تعلیم کے عمل میں شریک رہیں گے .** والدین یا قانونی سرپرست کی حیثیت سے شاید آپ جانتے ہوں کہ ایسے بچے جن کے خاندانوں کا تعلق اسکول سے ہوتا ہے اونچے گریڈ حاصل کرتے ہیں، زیادہ مہذب ہوتے ہیں اور ان کے ہائی اسکول مکمل کر کے تعلیم جاری رکھنے کا زیادہ امکان رہتا ہے۔ تعلیم کے عمل میں والدین کی شرکت اساتذہ کے اخلاق کو بھی بلند کرتی ہے اور خاندانوں اور کمیونٹیوں کو ایک دوسرے سے قریب تر لاتی ہے۔ اسکول اور گھر کے درمیان برابر اور دوطرفہ بات چیت ضروری ہے۔ والدین کی شرکت کی حوصلہ افزائی کے لیے اسکول کو خاندانوں کے ساتھ اکثر اور واضح اور بامعنی طور پر رابطہ کر کے ان فیصلوں سے متعلق والدین کی آراء طلب کرنے کی ضرورت ہے جو ان کے بچوں پر اثر انداز ہوتے ہوں۔

# اونچی توقعات

اگر تمام بچوں کو کامیابی کا مساوی موقع دینا ہے تو اسکولوں کو تمام طلباء کے لیے اونچی توقعات رکھنی چاہئیں۔ ذیل میں محض چند طریقے دیے جا رہے ہیں جن کے ذریعہ میری لینڈ اونچی توقعات کی حوصلہ افزائی کرتا اور تمام بچوں کی بہتر کے لیے اسکولوں کی مدد کرتا ہے:

- **ایک نیا رضاکارانہ ریاستی نصاب** اساتذہ اور والدین کے لیے واضح کرے گا کہ طلباء کو ہر مضمون اور گریڈ میں کیا پڑھنا چاہئے۔
- **طلباء کی تدریس کے معیار کے اعتبار سے اسکولوں کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔** یہ "مدارج" طلباء کی آزمائشوں پر مبنی ہوتے ہیں۔ جو بنیادی اور اونچی سطح کی صلاحیتوں اور دیگر امور مثلاً حاضری اور نصاب کی تکمیل اور عدم تکمیل کی شرح کا تخمینہ لگاتے ہیں۔
- **ہر سال سالانہ رپورٹ کارڈ** (میری لینڈ اسکول ہر پرفارمنس رپورٹ) میں اسکول میں دکھائی گئی کارکردگی کی اطلاع دی جاتی ہے تاکہ والدین اور کمیونٹیاں جان سکیں کہ ان کے اسکول کتنی اچھی طرح کام کر رہے ہیں۔ آپ کے بچے کا اسکول رپورٹ کی ایک کاپی آپ کو فراہم کرے گا۔ یہ

www.msp.msde.state.md.us

ویب پر بھی دستیاب ہے۔

- **ہر اسکول میں ایک اسکول امپروومنٹ ٹیم ہوتی ہے** جو طلباء کی آموزش کی بہتری کے لیے کام کرتی ہے۔ یہ ٹیمیں اساتذہ، والدین اور کمیونٹی کے افراد پر مشتمل ہوتی ہیں جو اسکول کی کارکردگی کے اعداد و شمار کا مطالعہ کر کے تدریس میں کی جانے والی اصلاحات کا فیصلہ کرتی ہیں۔
- **اگر کوئی اسکول خراب کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے تو ریاست اسکول میں ایک ایسے عمل میں مداخلت کر سکتی ہے** جسے بازتشکیل کہا جاتا ہے۔ بازتشکیل کے تحت اسکولوں کو

تدریس میں بہتری کے مقصد سے اضافی وسائل فراہم کر کے ان پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے، اس کے علاوہ کمزور کارکردگی والے اسکولوں کو جو وفاقی ٹائٹل 1 پروگرام کا حصہ ہوں، طلباء کو متعلقہ علاقے کے اعلیٰ تر کارکردگی والے کسی اسکول میں منتقلی کی اجازت دینی پڑ سکتی ہے اور طلباء کو ٹیوٹرنگ جیسی اضافی سہولت فراہم کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

- **مالی انعامات اور عوامی اعتراف** ان اسکولوں کو مل سکتا ہے جو طلباء کے تمام زمروں میں کارکردگی میں نمایاں اصلاح کا مظاہرہ کریں۔
- **ریاستی مداخلتی پالیسی** اسکول کے قائدین، خاندانوں اور کمیونٹیوں کی مل کر کام کرنے اور بچوں کی تعلیم کی ذمہ داری میں ہاتھ بٹانے کے لیے حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

آئندہ صفحات میں اس کی مزید وضاحت کی گئی ہے کہ میری لینڈ کس طرح "کارکردگی اہم ترین حیثیت رکھتی ہے" کے اہداف تک رسائی میں اسکولوں کی مدد کرتا ہے۔ اس سے متعلق مشورے اور اشارے بھی موجود ہیں کہ آپ اپنے بچے کی تعلیم میں زیادہ شرکت کیسے کر سکتے ہیں۔ "کارکردگی اہم ترین حیثیت رکھتی ہے" پروگرام سے متعلق ہدایت نامہ والدین کو پڑھ کر آپ شاید اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے اس بارے میں بات کرنا چاہیں گے کہ طلباء کی کارکردگی کی سطح بلند کرنے کے لیے اسکول کیا کر رہا ہے اور آپ اس عمل میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

# نصاب

میری لینڈ ایک رضاکارانہ ریاست گیر نصاب تشکیل دینے کے مرحلے میں ہے۔

## نصاب کیا ہے؟

نصاب ایک دستاویز ہے جو اس کی وضاحت کرتا ہے کہ طلباء کو ہر مضمون اور گریڈ میں کیا پڑھنا چاہئے۔ یہ اسباق کی منصوبہ بندی میں اساتذہ کی رہنمائی کرتا ہے اور اسکولوں میں اصلاح لانے کے عمل کا ایک اہم حصہ ہے۔ روایتی طور پر میری لنڈ کے 24 اسکولوں پر مشتمل نظام میں سے ہر اسکول اپنا ذاتی نصاب تشکیل دیتا ہے جو میری لینڈ معیارات مواد پر مبنی ہوتا ہے جو یہ وضاحت کرتا ہے کہ طلباء کو ابتدائی، متوسط اور ہائی اسکول میں کیا پڑھنا چاہئے۔

## ریاستی نصاب کیوں تشکیل دیا جائے؟

اس اعتبار سے اسکولی نظاموں کے درمیان اختلافات ہیں کہ کیا پڑھایا جاتا ہے اور کب پڑھایا جاتا ہے۔ اساتذہ کی اس سلسلے میں مدد کرنے کے لیے کہ کیا پڑھایا جانا چاہئے، ریاست میری لینڈ ایک رضاکارانہ ریاست گیر نصاب تشکیل دے رہی ہے جو واضح اور مفصل ہوگا۔ یہ نصاب 24 الگ الگ نصابات وضع کر کے مقامی اسکولی نظام کی طرف سے خرچ کئے جانے والے وقت اور پیسے میں کمی لائے گا۔

## ریاستی نصاب رضاکارانہ اور اختیاری کیوں ہوتا ہے؟

نصابات سے متعلق فیصلے مقامی مجالس تعلیمی کی طرف سے کیے جاتے ہیں نہ کہ ریاست کی طرف سے، نیا میری لینڈ نصاب تمام اسکولی نظاموں کو دستیاب ہوگا جسے وہ اپنے ذاتی نصاب کے طور پر اختیار کریں گے یا رہنمائی کے طور پر استعمال کریں گے۔ نصاب کو اختیار کرنا لازمی نہیں ہوگا۔

## رضاکارانہ ریاستی نصاب میری لنڈ معیارات مواد سے کس طرح مختلف ہوگا؟

میری لینڈ معیارات مواد اس کی اجمالی وضاحت فراہم کرتے ہیں کہ طلباء کو ابتدائی، متوسط اور ہائی اسکول میں کیا پڑھنا چاہئے۔ لیکن میری لینڈ معیارات مواد اس کی وضاحت نہیں کرتے کہ ہر گریڈ میں کیا پڑھایا جاتا ہے۔ میری لینڈ رضاکارانہ نصاب معیارات مواد کے مقابلے میں زیادہ تخصیصی ہوگا۔ یہ نصاب اس بات کی وضاحت کرے گا کہ ہر گریڈ کے ہر مضمون میں کیا پڑھایا جانا چاہئے (انگریزی لسانی فنون، ریاضی، سائنس، سماجی مطالعات، فنون سلفیہ، جسمانی تعلیم اور غیر ملکی زبانیں)۔





## نصاب کیسا معلوم ہوگا؟

میری لینڈ کے رضاکارانہ نصاب کی تفصیل کی تین سطحیں ہوں گی، معیارات مواد، اشارات اور مقاصد یہ تفصیلات اسباق، سرگرمیوں اور طلباء کے تفویض اعمال کی منصوبہ بندی میں اساتذہ کی مدد کریں گی۔ ذیل میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ نصاب کا ایک مختصر سا حصہ کس طرح کا نظر آ سکتا ہے۔ یہ مخصوص مثال ریاضی کی بہت سی صلاحیتوں میں سے ایک صلاحیت کو پیش کرتی ہے جو تیسرے گریڈ کے طلباء سیکھیں گے یعنی یہ کہ رقم شماری۔

**گریڈ 3 ریاضی**

- ■ معیارات مواد: اعداد کے باہمی رشتے اور گنتی
  - ○ اشارہ: طلباء $100 ڈالر تک کی رقوم کی قدروں کی نمائندگی، تعین اور موازنہ کریں گے۔
    - ● مقصد: طلباء سکوں اور نوٹوں کو ملا کر $100 ڈالر تک کی موزوں رقم کی گنتی کریں گے۔

## نصاب کب مکمل ہوگا؟

میری لینڈ کا رضاکارانہ نصاب زیر تشکیل ہے اور اس کا امکان ہے کہ (پری کے۔8 گریڈوں کے لیے) یہاں 2003 کے اواخر تک دستیاب ہوگا۔ مکمل ہو جانے پر نصاب میری لینڈ اسکول اسسمنٹ اور میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ جیسے ریاستی آزمائشوں کا اہم رتبہ ہو جائے گا۔ دریں اثناء وہ اسکول جو میری لینڈ معیارات مواد استعمال کر رہے ہوں طلباء کو ریاستی آزمائشوں کے لئے تیار کر رہے ہوں گے۔ رضاکارانہ نصاب کی تشکیل سے متعلق تازہ معلومات کے لیے میری لینڈ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی ویب سائٹ www.marylandpublicschools.org سے رجوع کریں۔

# پیش رفت پیمائی

اسکولوں کی طرف سے طلباء کی جانچ کی جاتی ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ طلباء کتنی اچھی طرح پڑھ رہے ہیں۔ آزمائش کے نمبرات تدریس میں بہتری لانے اور اسکول کے پروگراموں کی منصوبہ بندی میں پرنسپلوں اور اساتذہ کی مدد کرتے ہیں۔ انفرادی آزمائش کے نمبرات کسی طالب علم کی خوبیوں اور خامیوں کو سمجھنے میں اساتذہ اور والدین کے لئے مددگار ہوتے ہیں۔ آپ کے بچے کا اسکول آپ کو مطلع کرے گا کہ اسے کون سی جانچوں میں شریک ہونا چاہئے۔ دو ریاستی آزمائشی پروگرام ہیں میری لینڈ اسکول اسسمنٹ اور میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ۔

## میری لینڈ اسکول اسسٹمنٹ۔

### میری لینڈ اسکول کیا ہے؟

- میری لینڈ اسکول اسسمنٹ (MSA) متن خوانی اور ریاضی کارکارکردگی کی آزمائش ہے جو میری لینڈ اسکول میں پرفارمنس اسسمنٹ پروگرام (MSPAP) کی جگہ پر لایا گیا ہے MSA 2005 تک سائنس میں کارکردگی بھی جانچ کیا کرے گا۔
- MSA وفاقی ضابطہ ''کوئی بچہ چھوٹ نہ جائے'' قانون کی آزمائشی شرائط کی تکمیل کرے گا۔
- یہ بنیادی اور اعلیٰ ترسطح کی صلاحیتوں کی بھی پیمائش کرے گا۔
- طلباء جانچ مکمل کرنے کے لیے گروپوں کی تشکیل کے بجائے اپنے آپ کام کریں گے۔
- آزمائش کثیر انتخابی سوالات اور تحریری جوابات طلب کرنے والے سوالات شامل ہوں گے۔





## MSA کب تفویض کی جائے گی؟

میری لینڈ کی طرف سے MSA پہلی بار مارچ 2003 میں متن خوانی اور ریاضی میں گریڈ 3, 5 اور 8 کو اور متن خوانی میں گریڈ 10 کو تفویض کیا جائے گا۔ مارچ 2004 میں یہ جانچ متن خوانی اور ریاضی میں گریڈ 3 سے 8 تک اور متن خوانی میں گریڈ 10 کو تفویض کی جائے گی۔ اور مارچ 2005 کے اوائل میں ہی گریڈ 3, 5 اور 8 میں سائنس کا اضافہ کیا جائے گا۔ ہائی اسکول میں ریاضی اور سائنس کی جانچ انجام دینے کے لیے وفاقی شرائط جیومیٹری اور بایولوجی میں میری لینڈ ہائی اسکول اسسٹمنٹ کے ذریعے پوری کی جائے گی۔ ہائی اسکول کی ان جانچوں سے متعلق معلومات کے لیے صفحہ 16 دیکھیں۔

## کیا میں اپنے بچے کا MSA اسکول حاصل کرسکوں گا؟

جی ہاں ہائی اسکولز میں دو چیزیں دکھائی جائیں گی۔ آپ کے بچے نے موضوع و مواد کو کتنی اچھی طرح سیکھا اور آپ کے بچے قومی سطح پر دیگر بچوں کے مقابلے میں کیسی کارکردگی دکھائی ہے۔ صرف MSA اسکولز آپ کے بچے کی تعلیمی کارکردگی کی جزوی تصویر ہی پیش کرتے ہیں۔ لیکن آپ کے بچے کے کلاس ورک اور ہوم ورک کے ساتھ ملا کر MSA نتائج آپ کے بچے کی ایک اچھی تصویر آپ کے سامنے پیش کریں گے۔

# میری لینڈ اسکول اسسمنٹ
# نمونہ جاتی آزمائشی سوالات

ذیل میں جانچ میں آنے والے سوالات کی مثالیں دی جارہی ہیں جن کی توقع وہ میری لینڈ اسکول اسسمنٹ میں کر سکتے ہیں۔ مزید نمونہ جاتی آزمائشی سوالات www.marylandpublicschools.org ویب پر ارسال کیے جاسکتے ہیں۔

## نمونہ جاتی سوال- گریڈ 3 کی ریاضی

ہدایات اپنے جواب سے مطابقت رکھنے والے دائرے میں رنگ بھرے۔

داریا کو اپنی جیب میں کچھ سکے ملے۔ نیچے بنے ہوئے سکوں کو دیکھئے۔



داریا کو اپنی جیب میں کتنے پیسے ملے

طالب علم کا جواب :

○ A .92 $ ڈالر ○ C .41 $ ڈالر

● B 1.02 $ ڈالر ○ D .42 $ ڈالر



## نمونہ جاتی سوال - گریڈ 5 کی ریاضی

ہدایات: نیچے دی گئی کسروں کو دیکھیں

5/4 2½ 13/8

### حصہ A

ان اعداد کو سب سے کم سے سب سے زیادہ کی ترتیب میں رکھیں۔
طالب علم کا جواب:

5/4 13/8 2½

### حصہ B

آپ مساوی کسروں کے بارے میں جو کچھ جانتے ہوں اس کا استعمال یہ بتانے کے لیے کریں کہ آپ کا جواب کیوں درست ہے۔ اپنی وضاحت میں الفاظ اور/ یا اعداد استعمال کریں۔

طالب علم کا جواب:

میں نے پہلے 5/4 کو $1^2/_8$ میں بدلا اور پھر 13/8 کو $1^5/_8$ میں بدلا

اس کے بعد میں نے $2^1/_2$ کو $2^4/_8$ اور اس کے بعد میں نے انہیں ایک ترتیب سے رکھا۔

$1^2/_8$ پہلے آئے گا کیونکہ 2/8 کم ہے 5/8 سے اور دونوں کسریں 2 سے کم ہیں

نوٹ: طلباء مختلف طریقوں سے یہ حل حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ: طلباء مختلف طریقوں سے یہ حل حاصل کر سکتے ہیں۔

ذیل میں میری لینڈ اسکول اسسمنٹ میں پائی جانے والی لفظیات کے سوالات کی اقسام کی مثالیں دی جارہی ہیں۔

## نمونہ جاتی سوال – گریڈ 3 کی متن خوانی

**ہدایات:** اپنے جواب سے مطابقت رکھنے والے دائرے میں رنگ بھریے۔

خاندان پورے دن دعوت (Feast) کی تیاری کرتا رہا۔ Feast کا مطلب ہے۔

طالب علم کا جواب:

| | |
|---|---|
| A ○ بڑا کھانا | C ● بڑا رسٹورنٹ |
| B ○ بڑی میٹنگ | D ○ بڑا کلاس روم |

## نمونہ جاتی سوال – گریڈ 5 کی متن خوانی

**ہدایات:** اپنے جواب سے مطابقت رکھنے والے دائرے میں رنگ بھریے۔

تارن کو اپنی دادی کے ساتھ گذارا ہوا وقت (Relish) گا۔ اب جب کہ اس کی دادی اوہایو میں رہتی ہے وہ اس سے صرف گرمیوں میں ملتی ہے۔ Relish کا مطلب ہے۔

طالب علم کا جواب:

| | |
|---|---|
| A ○ آرام کرنا | C ○ سمجھنا |
| B ● پسند کرنا | D ○ مدد کرنا |

## نمونہ جاتی سوال – گریڈ 8 کی متن خوانی

**ہدایات:** اپنے جواب سے مطابقت رکھنے والے دائرے میں رنگ بھریے۔

Entice کا مطلب ہے۔

| | |
|---|---|
| A ● متوجہ کرنا | C ○ بحث کرنا |
| B ○ آگے بڑھنا | D ○ لیف کرنا |



میری لینڈ اسکول اسسمنٹ میں بعض سوالات میں تحریری جواب کی ضرورت ہوتی ہے۔ اساتذہ ان سوالات کو تشکیل شدہ جوابات کے آئٹم کہتے ہیں ہیں کیونکہ طلباء کو ممکنہ جوابات کی فہرست سے اپنے جواب منتخب کرنے کے بجائے اپنے جوابات کی تشکیل خود کرنی پڑتی ہے۔ ذیل میں دیا گیا سوال تشکیل شدہ جواب کے آئٹم کی ایک مثال ہے جس کی توقع طالب علم میری لینڈ اسکول اسسمنٹ میں کر سکتے ہیں۔

## نمونہ جاتی سوال – گریڈ 8 کی متن خوانی

*نوٹ: اس سوال کا جواب دینے سے پہلے طلباء ایڈیٹر کے نام دو مراسلات پڑھیں گے جن میں اس موضوع پر متضاد خیالات کا اظہار کیا گیا ہے کہ کیا Rossie Heights Junior High School کو اپنا شگونی علامت "طاقتور لمپجر" بدلنا چاہیے۔ دونوں مراسلات کو پڑھنے کے بعد طلباء کثیر انتخابی اور تشکیل شدہ جواب والے سوالات کے سلسلے کا جواب دیں گے۔ ذیل میں اس کی ایک مثال دی گئی ہے کہ تشکیل شدہ جواب والے سوال اور جواب کس طرح کے ہوتے ہیں۔*

**ہدایات:** ایڈیٹر کے نام مارگریٹ کالڈویل کا خط پڑھیے۔ اس کے بعد انٹون لازلو کا خط پڑھیے۔

مارگریٹ کالڈویل کے خط کا خلاصہ لکھیے۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی تخلیص میں ضروری نکات شامل کر لیے گئے ہیں۔

طالب علم کا ممکنہ جواب:
اگرچہ بعض لوگ شگونی علامت سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ مارگریٹ کالڈویل کو امید ہے کہ آپ ان سے اتفاق کریں گے۔ کئی سال پہلے ایک طالب علم اپنے لمپجر پر چڑھ کر کوئی کھیل کھیلنے گیا۔ اور اس کی ٹیم جیت گئی حالانکہ وہ اب تک ہار رہے تھے۔ وہ مارگریٹ کا دادا تھا اور وہی لمپجر شگون کی علامت بن گیا۔ یہ کئی سال سے شگون کی علامت چلا آرہا ہے اور اسے امید ہے کہ وہ بدلی نہیں جائے گی کیونکہ لمپجر ایک اچھا شگون ثابت ہوتا رہا ہے۔

نوٹ: یہ جواب مارگریٹ کالڈویل کے مراسلے کی پوری تفہیم کو ظاہر کر رہا ہے۔ تاہم مختلف طرح کے جوابات قابل قبول ہوں گے۔

## میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ

### میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ کیا ہیں؟

میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ (HSA) انگریزی ۱، الجبرا/ اعداد وشمار کے تجزیے، اقلیدس، حکومت اور بالوجی میں کی جانے والی جانچیں ہیں۔ طلباء ہر کورس کی تکمیل کے بعد ہر جانچ میں شریک ہوتے ہیں (ان میں ہائی اسکول کی سطح کے کورس لینے والے مڈل اسکول کے طلباء بھی شامل ہیں۔) یہ آزمائشیں اسکول اور انفرادی طور پر طالب علم دونوں کی پیش رفت کا تخمینہ لگاتی ہیں، اور ان میں کثیر انتخابی اور تحریری جواب کا تقاضہ کرنے والے سوالات شامل ہوں گے۔

### کیا میرے بچے کو نصاب مکمل کرنے کے لیے HSA پاس کرنا ہوگا؟

اس وقت نہیں۔ ہر طالب علم کو HSA میں شریک ہونا ضروری ہے لیکن اس میں کامیاب ہونا ابھی تک ضروری نہیں قرار دیا گیا ہے۔ طلباء کا اولین گروپ جس کے لیے تکمیل کی شرط کے طور پر HSA میں شرکت اور اس میں کامیاب ہونا ضروری ہوہ 2007 میں نصاب مکمل کرنے والی کلاس ہے۔ اس کا امکان ہے کہ اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن 2003 میں اس کا فیصلہ کرے گا کہ کیا وہ نصاب کی تکمیل کے لیے طلباء پر جانچ میں کامیاب ہونے کی شرط عائد کرے گا۔





### کیا طلباء اپنی HSA کی کارکردگی کے لیے جواب دہ ہوں گے؟

جی ہاں والدین کو ان کے بچوں کے جانچ کے انفرادی نمبرات بتائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ ریاست یہ بھی لازمی قرار دیتی ہے کہ تمام مقامی اسکولی نظام انگریزی ۱، الجبرا/ اعداد وشمار کا تجزیہ، بایولوجی، اور حکومت کے HSA کے نمبرات ان طلباء کی فہرست نمبرات پر لکھیں جو خزاں 2001 میں یا اس کے بعد 9 ویں گریڈ میں داخل ہو رہے ہوں تاکہ آپ کا بچہ جانچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی خواہش کرے۔ (بیومیٹری کے HSA اسکور کو فہرست نمبرات پر چھاپنا ریاست کی طرف سے ضروری نہیں قرار دیا گیا ہے۔ مقامی اسکول سسٹم اس کا فیصلہ کرے گا کہ فہرست نمبرات پر جیومیٹری کے HSA اسکور لکھے جائیں یا نہیں)

### نصاب کی تکمیل کی شرط کے طور پر طلباء کو اس وقت کون سی جانچ میں کامیاب ہونا چاہئے؟

اس وقت طلباء کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ متن خوانی، لکھائی اور ریاضی میں میری لینڈ فنکشنل ٹسٹ میں شریک ہوں اور اس میں کامیاب ہوں۔ میری لینڈ فنکشنل ٹسٹ میں بنیادی صلاحیتوں کا تخمینہ لگایا جاتا ہے اور HSA کے مقابلے میں ان میں کم جوکھم ہوتا ہے اگر اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشنل HSA میں کامیابی کو تکمیل نصاب سے مربوط کرنا چاہے تو وہ اس کے بعد یہ فیصلہ کرے گا کہ میری لینڈ فنکشنل ٹسٹ کو جاری رہنا چاہئے یا نہیں۔



اگر اسکول میں آپ کے بچوں کو دی جانے والی جانچوں کے بارے میں آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو تو اس کے استاد یا مشیر رہنمائی سے بات کریں۔ مزید معلومات کے لئے آپ میری لینڈ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کا ویب سائٹ www.marylandpublicschools.org دیکھ سکتے ہیں۔ وظائف اور مالی امداد کی معلومات کے لیے میری لینڈ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ویب سائٹ www.mhec.state.md.us دیکھیں اور اپنے بچے کے مشیر رہنمائی سے بات کریں۔

# میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ
# نمونہ جاتی جانچ کے سوالات

*الجبرا/ تجزیہ اعداد و شمار کی تشخیص کے اقتباسات*

مندرجہ ذیل آزمائشی آئٹم الجبرا/تجزیہ اعداد و شمار کے اس اسسمنٹ سے لیے گئے ہیں جن کی میدانی آزمائش 2000 کی جنوری اور مئی میں انجام دی گئی تھی۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ طلباء نے میدانی آزمائش کے دوران ہر آئیٹم کی کیسی کسی کارکردگی دکھائی ہے۔ دیکھیں mdk12.org/mspp/high_school/look_like/۔

ہدایات:

نیچے دیئے گئے مسئلے کو حل کرنے کے لیے جوابات کی کاپی میں جدول کا استعمال کریں۔

کیٹا اماطے میں کام کرنے کے لئے فی گھنٹہ $ 5.50 ڈالر طلب کرتی ہے۔ وہ ہر کام سے متعلق سامان کی فراہمی کے لیے بھی $2.00 ڈالر طلب کرتی ہے۔ اسے $35.00 ڈالر کمانے کے لیے ایک کام کو کتنے گھنٹے کرنا پڑے گا۔

طالب علم کا جواب:






ہدایات: جوابات کی کتاب میں مندرجہ ذیل مسئلے کو مکمل کریں۔

سائیکل کی دو دکانیں روایتی سائیکلیں بناتی ہیں۔ بائیسکل سٹی ہر اس دن کے لیے جو وہ بائیسکل بنانے میں لگاتا ہے $160 ڈالر اور $80 ڈالر طلب کرتا ہے۔ بائیک ٹاؤن پر اس دن کے لیے جو وہ بائسکل بنانے میں لگاتا ہے $120 ڈالر لگاتا ہے۔

- ہر اس اسٹور کے لیے جو (x) دنوں میں روایتی بائیسکل بنانے کے معاوضے (C) کی وضاحت کرتا ہے ایک مساوات لکھئے۔
- ہر اسٹور میں کتنے دنوں کے لیے معاوضہ یکساں ہوگا؟ ان تمام دنوں کا معاوضہ کتنا ہوگا؟ اپنے جواب کو درست ثابت کرنے کے لئے ریاضی کا استعمال کریں؟ (اگر آپ گراف کی مدد سے اس مسئلے کو حل کرتے ہیں تو اپنے تحریری جواب میں اضافے کے لیے جوابات کی کاپی میں فراہم کردہ جدول استعمال کریں۔)
- روایتی بائیسکل بنانے کے لیے بائیک ٹاؤن کے مقابلے میں بائیسکل سٹی کے استعمال میں کم خرچ کب ہوگا؟ اور کب زیادہ خرچ ہوگا؟ اپنے جواب کو درست ثابت کرنے کے لیے ریاضی کا استعمال کریں۔

طالب علم کا جواب:

| بائیک سٹی | بائیک ٹاؤن |
|---|---|
| 160+80x=C | 120x=C |
| 160 + 80(4)+480 | 120(4)=480 |




4 دنوں میں ہر اسٹور پر معاوضہ یکساں ہوگا $480 ڈالر

کم خرچ

بائیک سٹی

X>4

4 دن سے پہلے لائن پست تر ہو جاتی ہے۔

زیادہ خرچ

بائیک سٹی

X<4

4 دن سے پہلے لائن پست تر ہو جاتی ہے۔

نوٹ: طلباء مختلف طریقوں سے کوئی حل حاصل کر سکتے ہیں۔



BEST COPY AVAILABLE

ہدایات: اپنے جواب ظاہر کرنے کے لیے موزوں دائرے کو گہرا کریں۔

ذیل میں دی گئی جدول دریاستہائے متحدہ میں ان کتوں کی تعداد کو ظاہر کرتی ہے جو بعض اقسام کے کرتب دکھا سکتے ہیں۔

**ڈاگ ٹکٹ**

| کرتب | تعداد (ملین میں) |
|---|---|
| بیٹھنا | 5.3 |
| پنجہ ہلانا | 3.8 |
| لیٹ جانا | 2.9 |
| پچھلے پیروں پر کھڑا ہونا | 1.9 |
| گانا | 0.8 |
| اخبار لانا | 0.4 |

**اسٹیو ان کتوں کی جدول میں قدروں کا اضافہ کرتا ہے جو پچھلے پیروں پر کھڑے ہوسکتے ہیں اور ان کے لیے جو گاسکتے ہیں۔ وہ اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ ریاستہائے متحدہ میں 2.7 ملین کتے ایسے ہیں جو اپنے پچھلے پیروں پر کھڑے ہوسکتے ہیں یا گا سکتے ہیں۔ یہ بیان معلومات کا بیجا استعمال کیوں ہے؟**

طالب علم کا جواب۔

- A ○ اسٹیو نے اس بات پر غور نہیں کیا کہ بعض کتے کوئی کرتب نہیں دکھا سکتے۔
- B ○ اسٹیو نے اس بات پیش نظر ہے کہ بعض کتے صرف ایک کرتب دکھا سکتے ہیں۔
- C ○ اسٹیو نے ریاستہائے متحدہ میں کتوں کو پیش نظر نہیں رکھا
- D ● اسٹیو نے اس بات کو ملحوظ نہیں رکھا کہ بعض کتے دونوں کرتب دکھا سکتے ہیں۔





## خصوصی ضروریات
## رکھنے والے اور / یا
## انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل طلباء کی آزمائش

میری لینڈ کے بعض طلباء خصوصی ضروریات رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی معذور طالب علم کو خصوصی تدریس یا آزمائشی ضروریات درپیش ہوسکتی ہیں اور اس طرح کسی ایسے طالب علم کو بھی جس نے ابھی انگریزی سیکھنے کا آغاز کیا ہو۔ میری لینڈ چونکہ ہر طالب علم کی کارکردگی میں بہتری لانے کا پابند ہے خصوصی ضروریات رکھنے والے اور/ یا انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل طلباء کی پیش رفتہ کا تخمینہ لگانا بہت ضروری ہے۔ تمام طلباء کو ہر ممکن حد تک تمام ریاست گیر جانچوں اور ان کے نتائج کو میری لینڈ نظام ذمہ داری کا حصہ بنایا جانا ان کا قانونی حق ہے۔ طلباء کو ایسے تدریسی اور آزمائشی ردو بدل کا بھی قانونی حق حاصل ہے جو ان کی سیکھی گئی باتوں کے مظاہرے میں ان کے مدد کرے۔

**خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل کرنے والے طلباء تمام ریاستی جانچوں میں شریک ہوں گے سوا اس کے کہ ان کا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) یہ کہتا ہو کہ انہیں**
Independence Mastery Assessment Program (IMAP) میں شریک ہونا ہے۔
IMAP ان طلباء کے لیے تشکیل دیا گیا پروگرام ہے جو عمومی نصاب میں شرکت نہ کر رہے ہوں۔

**ان تمام طلباء کو جو انگریزی بحیثیت ثانوی زبان (ESOL) پروگرام میں تعلیم حاصل کر رہے ہوں تمام ریاستی جانچوں میں شریک ہونا چاہئے۔** ریاست گیر جانچوں میں انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل طلباء کے لیے موزوں ردو بدل کا فیصلہ ہر اسکول کی انگریزی کی محدود صلاحیت (LEP) سے متعلق کمیٹی کرتی ہے۔

**ریاستی جانچوں میں کی گئی ترمیمات وہی ہوں گی جو کلاس روم کی تدریس کے دوران فراہم کی جاتی ہیں اور جو معذوری سے متاثر کسی طالب علم کے لیے IEP میں بیان کی جاتی ہیں یا اہلیت رکھنے والے 504 یا** انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل طلباء کے لیے۔

اگر آپ کا بچہ مخصوص ضروریات رکھتا ہے یا اس کی انگریزی کی صلاحیت محدود ہے تو اس کے لیے تدریسی اور آزمائشی منصوبے سے متعلق مزید معلومات کے لیے اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔

# ذمہ داری

ریاست میری لینڈ کارکردگی کے اعداد و شمار کی اطلاع دے کر پیش رفت کی حوصلہ افزائی کرکے اور اسکولوں میں اصلاح کے فقدان کی صورت میں ان سے متعلق کارروائی کرکے اسکولوں کو اور اسکولی نظاموں کو اصلاح کا ذمہ دار قرار دیتی ہے۔

## نتائج کی اطلاع کیسے دی جاتی ہے؟

اسکول کی کارکردگی کے نتائج ایک سالانہ "رپورٹ کارڈ" (میری لینڈ اسکول پرفارمنس رپورٹ) پر چھاپے جاتے ہیں تاکہ والدین اور کمیونٹیوں کو یہ معلوم ہوتا رہے کہ ان کے اسکول کیسا کام کر رہے ہیں۔ یہ رپورٹ ویب پر www.msp.msde.state.md.us پر دستیاب ہے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلباء پیش رفت کر رہے ہیں، ریاست، اسکول، اسکولی نظام اور اسکول کے نتائج کی اطلاع نسل/ نژادیت، صنف، معذوری، افلاس، سماجی حیثیت، ترک وطن کی حیثیت اور انگریزی کی محدود صلاحیت کے اعتبارات سے دی جاتی ہے۔ (طلباء کے انفرادی نمبرات کو مشتہر نہیں کیا جاتا۔ یہ معلومات آپ اور آپ کے بچے کے استاد کے لیے مخصوص ہوتی ہیں۔)

## کیا اسکولوں کو پیش رفت کا انعام دیا جاتا ہے؟

اگر اسکول اپنے اندر بہتری لاتے ہیں تو انہیں مالی انعامات اور تحسین سے نوازا جاتا ہے۔





## اگر کسی کے اسکول میں بہتری نہ آئے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر وقت کے ساتھ کسی اسکول میں کوئی بہتری نظر نہ آئے تو اس کی نشاندہی مقامی یا ریاستی تشکیل نو کے لیے کی جا سکتی ہے۔ تشکیل نو کے عمل کے تحت اسکولوں کو اصلاح و بہتری کے لیے اضافی مدد اور وسائل فراہم کیے جاتے ہیں۔

## اگر میرا بچہ "نائٹل ا اسکول" میں پڑھتا ہے تو کیا ہوگا؟

نائٹل ا اونچی سطح کے افلاس کے اسکولوں کے لیے وفاقی پروگرام ہے۔ وفاقی قانون "کوئی بچہ چھوٹنے نہ پائے" کی رو سے جب کوئی نائٹل ا اسکول معقول سالانہ پیش رفت کے ریاستی نشانے کو پورا نہیں کر پاتا تو اس پر مخصوص کارروائی کی جائے گی۔

- لگاتار دو سال تک نشانے کی تکمیل نہ کرنے پر اقتصادی طور پر پسماندہ طلباء کے لیے ٹیوٹرنگ جیسی اضافی خدمات فراہم کی جانی چاہئیں۔

- لگاتار تین سال کے بعد اسکول کو چاہئے کہ "مالی فوائد" ٹیوٹرنگ جیسی اضافی خدمات فراہم کرے۔ مفت یا کم قیمت کی خوراک کے اہل طلباء اقتصادی طور پر غیر مراعات یافتہ سمجھے جائیں گے۔

- لگاتار چار سال نشانہ پورا نہ کرنے کی صورت میں اسکول کو بہتری لانے کے لیے مخصوص اقدامات کرنے چاہئیں۔ اس کارروائی میں اسکول کے عملے کی تبدیلی، نئے نصاب کو اختیار کرنا یا تدریسی سال کو آگے بڑھانا شامل ہیں۔

- لگاتار پانچ سال تک نشانہ پورا نہ ہونے پر اسکول کی "تشکیل نو" ہونی چاہئے۔ تشکیل نو میں اسکول کے انتظام کو ریاستی تحویل میں لینا اور دیگر اقدامات شامل ہیں۔

اگر کسی اسکول کو مذکورہ بالا اقدامات کرنے کی ضرورت پڑے یا اگر تشکیل نو کے لیے اس کی نشاندہی کی جائے تو اس کی اطلاع والدین کو دی جائے گی۔

# خاندان کی مشارکت

یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ طالب علم کی کارکردگی پر خاندان کی مشارکت کا گہرا اثر ہوتا ہے میری لینڈ نے خاندان کی مشارکت کی ایک پالیسی وضع کی ہے۔ میری لینڈ کے اسکول والدین اور قانونی سرپرستوں کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں، سوالات کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرتے اور فیصلہ سازی میں انہیں شریک رکھتے ہیں۔ مندرجہ ذیل علامات کو دیکھیں جن کا تبادلہ خاندان اور ماہرین تعلیم آپ کے بچے کے اسکول میں ایک دوسرے سے کرتے ہیں اور جن پر وہ باہم مل کر کام کرتے ہیں۔

**اسکول اور خاندان کے درمیان برابر تبادلۂ خیال ہوتا ہے۔**

- اسکولوں کی طرف سے ایسے خبرنامے شائع ہوتے ہیں جن میں بچوں کو آموزش میں مدد کرنے کے لیے اشارے دیئے جاتے ہیں۔
- اسکولوں کی طرف سے اسکول میں دستیاب پروگرام سے متعلق خاندان کو اطلاع دی جاتی ہے۔
- والدین یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں اپنے بچے کے اساتذہ سے کیسے اور کب رابطہ کرنا ہے۔





**بچوں کی آموزش میں مدد کرنے میں والدین اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔**

- اساتذہ یہ سمجھنے میں والدین کی مدد کرتے ہیں کہ بچوں کے ہوم ورک کی تکمیل میں مدد کیسے کی جائے گی۔
- والدین اپنے بچوں کے اہداف کے تعین میں شریک ہیں۔

**اسکول میں والدین کا خیر مقدم کیا جاتا ہے اور ان کے تعاون کی تحسین کی جاتی ہے۔**

- اسکول کی طرف سے والدین اور افراد خاندان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اسکول کی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔
- والدین اسکول میں رضاکارانہ خدمات پیش کرنے کے مواقع سے باخبر رہتے ہیں۔

**والدین کو ان کے بچوں پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں شریک کیا جاتا ہے۔**

- اسکول کے پاس فیصلہ سازی اور مشکلات کے حل کا واضح طریقہ کار ہوتا ہے۔
- والدین کو اسکول کی پالیسیوں اور طلباء اور اسکول کی کارکردگی سے متعلق تازہ ترین معلومات تک رسائی حاصل رہتی ہے۔
- اساتذہ اور منتظمین ان فیصلوں میں جو ان کے بچوں پر اثر انداز ہوں والدین شرکت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں (مثلاً نصاب کے انتخاب، مستقبل کی منصوبہ بندی میں)
- اسکول امپروومنٹ ٹیم میں والدین کے نمائندوں کو شامل رکھا جاتا ہے۔

یہ محض بعض ایسے طریقے ہیں جن کے ذریعے اسکول اور خاندان اسکول کو بہتر بنانے کے لیے مشترک کوشش کرتے ہیں۔ آپ اس بارے میں اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے دریافت کر سکتے ہیں کہ آپ اس عمل میں زیادہ تعاون کیسے دے سکتے ہیں۔ جب خاندان اور اسکول مل جل کر کام کرتے ہیں تو ہر شخص کی جیت ہوتی ہے۔

مڈل اسکول کے
دس میں سے سات طلباء کہتے ہیں کہ
وہ اسکول کے کاموں اور
سرگرمیوں میں اپنے والدین کی
زیادہ سے زیادہ
شرکت دیکھنا
چاہتے ہیں۔

## کارکردگی کی حوصلہ افزائی

آپ اپنے بچے کو اسکول اور زندگی میں کامیاب ہوتے دیکھنا چاہتے ہیں۔ کامیابی کے حصول کے لیے اس کی حوصلہ افزائی کے کئی طریقے ہیں۔ ذیل میں ایسے بعض مختلف طریقے بتائے جارہے ہیں جن کے ذریعے آپ اپنے بچے کو اسکول سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں مدد کرسکتے ہیں۔

- اپنے بچے کے لیے اونچی توقعات رکھیں۔ یہ واضح طور پر سمجھ لیں کہ اسکول اس کی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔
- اپنے بچے کی پیش رفت اور جو مدد آپ اس کی بہتری کے لیے کرسکتے ہیں اس کے بارے میں اپنے بچے کے استاد سے بات کریں۔
- ہائی اسکول کے نصاب کے انتخاب کی منصوبہ بندی کے لیے پہلے ہی مڈل اسکول کے مرحلے میں اپنے بچے کے مشیر رہنمائی سے ملاقات کریں۔
- روزانہ کم از کم 15 منٹ کا وقت اپنے بچے کے ساتھ بات چیت اور اس کے ساتھ متن خوانی میں





لگائیں۔ (مجوزہ گھریلو سرگرمیوں کی فہرست اور اشارات برائے والدین کے لئے۔
www.marylandpublicschools.org/family_Literacy/take15.htm. ویب پر
Take 15 for the Family دیکھیں)۔

- اپنے بچے کو مطالعے کے لیے پرسکون جگہ فراہم کریں۔
- ہوم ورک کرنے میں اپنے بچے کی مدد کریں۔
- جو کچھ آپ کا بچہ اسکول میں کررہا ہو اس میں دلچسپی کا اظہار کریں۔
- جتنا وقت آپ کا بچہ TV. دیکھنے میں لگاتا ہے اسے محدود کریں اور جو کچھ وہ ٹی وی پر دیکھتا/ دیکھتی ہے اس کے بارے میں اس سے بات کریں۔
- اس وقت کا حساب رکھیں جو آپ کا بچہ ریڈیو، گیم کھیلنے میں یا انٹرنیٹ پر گذارتا ہے۔
- اسکول کی سرگرمیوں میں مدد کے لیے اپنی رضاکارانہ خدمات پیش کریں اور دیگر والدین کو بھی شریک کرنے کی کوشش کریں۔
- مشکل نصابات کے انتخاب کے لیے اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اگر آپ کا بچہ مڈل اسکول یا ہائی اسکول میں ہے تو ہائی اسکول کے آگے کے مواقع کے بارے میں گفتگو کے لیے اس کے مشیر رہنمائی سے ملاقات کا وقت طے کریں۔

اپنے بچے کے ساتھ
متن خوانی یا بات چیت کے لیے
روزانہ کم از کم 15 منٹ
کا وقت نکالیں

# مزید معلومات کے لیے

اگر آپ طالب علم یا کارکردگی سے متعلق کوئی سوال کرنا چاہیں تو اس کے آغاز کے لیے بہترین جگہ آپ کے بچے کے استاد، پرنسپل یا مشیر رہنمائی کے پاس ہے۔ آپ کا مقامی سسٹم معلومات کا دوسرا اچھا ذریعہ ہے اور اپنی پبلک لائبریری کو نہ بھولیں۔ آپ ویب سے رابطے کے لیے لائبریری کے کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں۔ اور لائبریری کا عملہ آپ کی تلاش میں مدد کرے گا۔ مندرجہ ذیل تنظیمیں طلباء کی کارکردگی اور اسکول کی بہتری سے متعلق مزید معلومات فراہم کر سکتی ہیں۔

**MARYLAND STATE DEPARTMENT OF EDUCATION**
200 West Baltimore Street
Baltimore, MD 21201
فون 410-767-0600 یا 888-246-0016
فیکس 410-333-2275
410-333-3045 TTY/TDD

www.marylandpublicschools.org
اضافی ریاضتاں اور پروگرام سے متعلق معلومات کے لیے

www.mdk12.org
اسکول کی کارکردگی کے اعداد و شمار کے لیے

www.msp.msde.state.md.us
اسکول کی کارکردگی کے اعداد و شمار کے لیے

**MARYLAND PTA**
3121 St. Paul Street, Suite 25
Baltimore, MD 21218
فون 410-235-7290 یا 1-800-707-7972
فیکس 410-235-0357
www.mdpta.org

**U.S. DEPARTMENT OF EDUCATION**
400 Maryland Avenue, SW
Washington, DC 20202
فون 1-800-USA-LEARN
فیکس 202-401-0689
1-800-437-0833TTY/TDD

www.ed.gov
عام معلومات کے لیے

www.nochildleftbehind.org
"کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے" قانون سے متعلق مزید معلومات کے لیے

**MARYLAND HIGHER EDUCATION COMMISSION**
کالجوں، مالی امداد اور اسکالرشپ سے متعلق معلومات کے لیے
839 Bestgate Road, Suite 400
Annapolis, Maryland 21401
فون 410-260-4500 یا 1-800-974-0203
عام معلومات کے لیے

فون 410-260-4565 یا
1-800-974-1024
مالی مدد سے متعلق استفسارات کے لیے

فیکس 410-260-3200
800-735-2258TTY
www.mhec.state.md.us

# ہم کیسا کام کر رہے ہیں؟

ہم اس بارے میں آپ سے یہ جاننا چاہتے ہیں کہ اس اشاعت نے عوامی تعلیم، اسکول کی اصلاح کی کوششوں کے لیے میری لینڈ کے مقاصد کے سمجھنے میں آپ کی کتنی مدد کی ہے اور والدین اپنے بچوں اور اسکولوں کی کارکردگی کی حوصلہ افزائی کے لئے والدین کیا کر سکتے ہیں۔ براہ کرم ذیل میں دیا گیا سوالنامہ مکمل کرنے کے لیے چند لمحے نکالیں۔

1. کیا آپ نے اس اشاعت میں دیئے گئے مواد کو سمجھ لیا ہے؟

___ ہاں ___ نہیں ___ میں دوسروں کے مقابلے میں بعض حصوں کو سمجھتا ہوں۔

براہ کرم اپنے انتخاب کی وضاحت کریں:

2. کیا ہم ان امور سے متعلق بات کی تھی جن کے بارے میں آپ فکر مند رہتے ہیں؟

___ ہاں ___ نہیں ___ مجھے دیگر باتوں سے زیادہ چند باتوں کی فکر رہتی تھی۔

براہ کرم اپنے انتخاب کی وضاحت کریں:

3. کیا ہم نے ہر موضوع پر معقول مقدار میں تفصیل فراہم کی ہے؟

___ ہاں ___ نہیں ___ بہت زیادہ تفصیل نہیں زیادہ تفصیل نہیں۔

براہ کرم اپنے انتخاب کی وضاحت کریں:

4. اضافی رائے



زحمت کر کے یہ بتانے کے لئے وقت دیے کہ ہم کیا کام کر رہے ہیں۔
براہ کرم اس صفحے کو الگ کر لیں اور اسے 410-333-2275 پر فیکس کر دیں یا
The Maryland State Department of Education School and Community Outreach Office 200 West Baltimore Street, Baltimore, Maryland 21201-2595
کو بذریعہ ڈاک ارسال کر دیں۔

# میری لینڈ اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن
## معلوماتی درخواست

مندرجہ ذیل مواد www.marylandpublicschools.org ویب پر دستیاب ہے اس کی ہارڈ کاپیوں کی درخواست کرنے کے لئے براہ کرم یہ فارم استعمال کریں۔

_____ Maryland School Performance Report (میری لینڈ اسکول پرفارمنس رپورٹ) (ریاستی اور مقامی اسکول سسٹم کی کارکردگی سے متعلق ایک سالانہ رپورٹ)

_____ The Fact Book (فیکٹ بک) (عوامی تعلیم کی احصائیات)

Fact Sheets (فیکٹ شیٹس) (یک صفحاتی معلومات ناموں کا سلسلہ)

_____ میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ

_____ برج ٹو اکسی لینس ان پبلک اسکولز ایکٹ

_____ اسکول ری کانسٹی ٹیوشن

_____ • میری لینڈ میں آزمائش۔ میری لینڈ اسکول اسسمنٹ سے متعلق ہدایت نامہ والدین

_____ • میری لینڈ ہائی اسکول اسسمنٹ۔ اسٹیٹ سپرنٹنڈنٹ آف اسکولز کی طرف سے والدین کے نام ایک پیغام

_____ • ''کارکردگی کی اہم ترین حیثیت ہے'' سے متعلق ہدایت نامہ والدین (اس اشاعت کی مزید نقول کی درخواست کرنے کے لیے)

• یہ اشاعت منتخب غیر ملکی تراجم کی شکل میں دستیاب ہے۔ براہ کرم مطلوبہ زبان کی نشاندہی کریں۔

آپ کا نام: _____

پتہ: _____

دن کے وقت کا فون: _____

مراسلت کا پتہ: The Maryland State Department of Education
School and Community Outreach Office
200 West Baltimore Street
Baltimore, Maryland 21201-2595

یا فیکس کریں 410-333-2275 پر



BEST COPY AVAILABLE

**U.S. Department of Education**
*Office of Educational Research and Improvement (OERI)*
*National Library of Education (NLE)*
*Educational Resources Information Center (ERIC)*

# NOTICE

## Reproduction Basis

| | |
|---|---|
| X | This document is covered by a signed "Reproduction Release (Blanket)" form (on file within the ERIC system), encompassing all or classes of documents from its source organization and, therefore, does not require a "Specific Document" Release form. |
| | This document is Federally-funded, or carries its own permission to reproduce, or is otherwise in the public domain and, therefore, may be reproduced by ERIC without a signed Reproduction Release form (either "Specific Document" or "Blanket"). |

EFF-089 (1/2003)

P5031497